MUHMMAD AZAM ATTARI

# جامعتہ المدینہ بوائز پنڈی بھٹیاں

# یونٹ نمبر 1

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1) کانگریسی وزارتوں کا دور رہا:

(الف) 1941-43 (ب)1939-41 (ج)1937-39

2) قراردادِ لاہور 1940 میں خطبہ صدارت دیا:

(الف) لیاقت علی خاں نے (ب) قائداعظم علی جناح نے (ج) مولانا ظفر علی خاں نے

3) ایم۔اے۔او سکول اور کالج قائم کیا۔

(الف) قاضی محمد عیسی نے (ب) چودھری رحمت علی نے (ج) سرسید احمد خان نے

4) 1867ء میں جب ہندوؤں کی مسلم دشمنی کھل کر سامنے آ گئی تو سرسید احمد خان نے واضح اعلان کیا کہ:

(الف) مسلمان سیاست سے الگ رہیں (ب) مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہے (ج) مسلمان انگریزی تعلیم حاصل کریں

5) نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے۔

(الف) ترقی پسندیت (ب) دوقومی نظریہ (ج) اسلامی نظریہ حیات

6) 1930ء میں مسلمانوں کو الگ ریاست کا تصور دینے والی شخصیت ہے۔

(الف) سرسید احمد خان (ب) علامہ محمد اقبال (ج) قائداعظم

7) ''قومیت کی جو بھی تعریف کی جائے، مسلمان اس تعریف کی رو سے الگ قوم ہیں۔'' یہ فرمان ہے:

(الف) سرسید احمد خان کا (ب) علامہ محمد اقبال کا (ج) قائداعظم کا

# یونٹ نمبر 2

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1) اورنگ زیب عالمگیر نے وفات پائی۔

(الف) 1707ءمیں (ب) 1708ءمیں (ج)1717ءمیں

2) 1906 میں قائم کی گئی:

(الف) نیشنل کانگریس (ب) آل انڈیا مسلم لیگ (ج) مجلس احرار

3) پہلی جنگ عظیم میں ترکیہ نے ساتھ دیا تھا۔

(الف) روس کا (ب) امریکا کا (ج) جرمنی کا

4) علماء نے برصغیر کو قرار دیا:

(الف) دارالحرب (ب) دارالسلام (ج) دارالامان

5) نہرو رپورٹ پیش کی گئی:

(الف) 1938ءمیں (ب) 1928ءمیں (ج) 1918ءمیں

6) کرپس مشن ہندوستان میں آیا:

(الف) 1940ءمیں (ب) 1942ءمیں (ج) 1944ءمیں

7) قائداعظم نے حالات کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر دارالحکومت بنایا:

(الف) کراچی کو (ب) اسلام آباد کو (ج) لاہور کو

8) جنرل محمد ایوب خان نے ملک میں مارشل لا لگایا:

(الف) اکتوبر 1956ءمیں (ب) اکتوبر 1957ءمیں (ج) اکتوبر 1958ءمیں

9) 1970 کے انتخابات میں مغربی پاکستان سے پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی اسمبلی کی نشستیں حاصل کیں:

(الف) 37 (ب) 81 (ج) 112

10) بنگلہ دیش کا قیام عمل میں آیا:

(الف) 1970ءمیں (ب) 1971ءمیں (ج) 1972ءمیں

# یونٹ نمبر 3

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

**1)1985ء سے 1988ء کے دوران میں پاکستان کے وزیرِاعظم رہے۔**

(الف) میر ظفر اللہ خاں جمالی (ب)میاں محمد نواز شریف (ج)محمد خاں جونیجو

**2)پاکستان نے ایٹمی دھماکے کیئے:**

(الف) 1998ء میں (ب)1997ء میں (ج)1996ء میں

**3)ورلڈ ٹریڈ سنٹر (9/11) کا واقعہ پیش آیا:**

(الف)2007ء میں (ب)2005ء میں (ج)2001ء میں

**4)1988ء کے صدارتی انتخاب میں صدرِ پاکستان بنے:**

(الف)فضل الٰہی چودھری (ب)غلام اسحاق خان (ج)محمد رفیق تارڑ

**5)1973ء کے آئین میں جس ترمیم سے اراکینِ اسمبلی کے فلور کراسنگ پر پابندی لگائی، وہ ہے:**

(الف)آٹھویں ترمیم (ب)تیرھویں ترمیم (ج)چودھویں ترمی

# یونٹ نمبر 4

**درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

**1)اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا:**

(الف)24اکتوبر1944ء (ب) 14اپریل1945ء (ج) 24اکتوبر1945ء

**2)اوآئی سی کی بنیاد 1969ء میں جس شہر میں رکھی گئی، وہ ہے:**

(الف) رباط (ب)لاہور (ج)تہران

**3)عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا:**

(الف)1947ء میں (ب)1949ء میں (ج)1953ء میں

**4)پاکستان نے 30 ستمبر 1947ء کو جس ادارے کی رکنیت حاصل کی، وہ ہے:**

(الف)او آئی سی (ب)ای سی او (ج)اقوام متحدہ

**5)** پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کیا:

(الف)چین نے (ب)امریکا نے (ج)ایران نے

# یونٹ نمبر5

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

**1)** پاکستان کے میدانی علاقے میں موسم گرما میں اوسط درجہ حرارت رہتا ہے:

(الف)20ڈگری سینٹی گریڈ (ب)30ڈگری سینٹی گریڈ (ج)40ڈگری سینٹی گریڈ

**2)** پاکستان کا کل رقبہ مربع کلومیٹر ہے:

(الف)55,096 (ب)796,096 (ج)670,570

**3)** کے۔ٹو پہاڑ واقع ہے:

(الف)کوہ سفید میں (ب)کوہ قراقرم میں (ج)کوہ ہمالیہ میں

**4)** کسی بھی ملک کی ترقی کے لئے اس کے کل رقبہ کا جتنا حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا چاہیے:

(الف)15فیصد (ب)35فیصد (ج)25فیصد

**5)** نانگا پربت کی بلندی ہے:

(الف)6790میٹر (ب)7690میٹر (ج)8126میٹر

**6)** کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہے، اس کی وجہ شہرت ہے:

(الف)زراعت (ب)صنعت (ج)گلہ بانی

# یونٹ نمبر6

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1) پشتو زبان کے شاعر ہیں:

(الف) خواجہ غلام فرید (ب) بابا بلھے شاہ (ج) خوشحال خاں خٹک

2) سپریم کورٹ کے جج رہے:

(الف) بدیع الزمان کیکاؤس (ب) پیٹر کرسٹی (ج) ڈاکٹر روتھ فاؤ

3) آبادی کے کوائف جاننے کے عمل کو کہتے ہیں:

(الف) مردم شماری (ب) انتقال اراضی (ج) نقل مکانی

4) 12 ربیع الاول کو اسلامی تہوار منایا جاتا ہے:

(الف) معراج النبی ﷺ (ب) جشن میلاد النبی ﷺ (ج) عید الفطر

5) پاکستان میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان ہے:

(الف) سندھی (ب) بلوچ (ج) پنجابی

# یونٹ نمبر 7

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1) اسلام بیراج تعمیر کیا گیا:

(الف) دریائے راوی پر (ب) دریائے چناب پر (ج) دریائے ستلج پر

2) کراچی کو میونسپلٹی کا درجہ دیا گیا۔

(الف) 1862ء میں (ب) 1842ء میں (ج) 1852ء میں

3) معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لئے 1960 میں شروع کیا گیا:

(الف) پانچواں پانچ سالہ منصوبہ (ب) چوتھا پانچ سالہ منصوبہ (ج) دوسرا پانچ سالہ منصوبہ

4) پاکستان میں خوردنی نمک کے وسیع ذخائر ہیں:

(الف) مارگلہ ہلز میں (ب) کوہستان نمک میں (ج) خاران میں

5)آن پاشی کے کفایتی اور جدید طریقے ہیں:

(الف)پختہ کھالوں سے آب پاشی (ب)فصلوں کی پٹڑی پر کاشت (ج)سپرنکلر اور ڈرپ سے آب پاشی

# یونٹ نمبر8

## درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1)عرب معاشرے میں اسلام سے پہلے دور جاہلیت میں لڑکی کو:

(الف)جلا دیتے تھے (ب)زندہ دفن کرتے تھے (ج)عزت دیتے تھے

2)اسلام دین فطرت ہے جس کی تعلیمات کے مطابق بنیادی حقوق کے لحاظ سے:

(الف)سب عورتیں برابر ہے (ب)سب انسان برابر ہیں (ج)سب بچے برابر ہیں

3)قائداعظم کے قدم بہ قدم تحریک پاکستان میں شامل رہیں:

(الف)بیگم فرخ حسین (ب)محترمہ فاطمہ جناح (ج)بیگم مولانا محمد علی جوہر

4)سماجی خدمات کے حوالے سے مشہور ہیں۔

(الف)محترمہ بلقیس ایدھی (ب)محترمہ بینظیر بھٹو (ج)ڈاکٹر نفیس صادق

5)پنجاب میں لڑکیوں کی شادی کی قانونی عمر ہے:

(الف)14سال (ب)16سال (ج)20سال

6)خواتین تشدد کے خلاف کس نمبر پر شکایات کر سکتی ہیں:

(الف)1016 (ب)1030 (ج)1085

7)پنجاب حکومت نے ''پنجاب تحفظ نسواں ایکٹ'' منظور کیا:

(الف)15 ستمبر 2017ء (ب)16 فروری 2015ء (ج)24 فروری 2016 ء

# یونٹ 1 ) کے مختصر جوابات دیں۔

**1 ) قائداعظم نے یکم جولائی 1948ء کو سٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے کیا فرمایا؟**

جواب: مغرب کا معاشی نظام انسانیت کے لئے نا قابل حل مسائل پیدا کر رہا ہے اور یہ لوگوں کے درمیان انصاف قائم کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ہمیں دنیا کے سامنے ایک ایسا معاشی نظام پیش کرنا چاہیے جو اسلام کے صحیح تصور مساوات اور سماجی انصاف کے اصولوں پر مبنی ہو۔

**2 ) نظریہ پاکستان کے چار ماخذ لکھیے؟**

جواب: (۱) مشترکہ مذہب (۲) مشترکہ سیاسی مقاصد (۳) مشترکہ تعلیمی مقاصد (۴) مشترکہ معاشی مقاصد

**3 ) دوقومی نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دوقومی نظریہ سے مراد ہے کہ برصغیر پاک و ہند میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد ہیں۔ یہ دونوں قومیں صدیوں تک ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے باوجود آپس میں گھل مل نہ سکیں۔

**4 ) برصغیر میں دوقومی نظریے کی ابتداء کب ہوئی؟**

جواب: برصغیر میں دوقومی نظریے کی ابتداء مسلمانوں کی آمد اور محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے ہوئی۔

**5 ) نظریہ پاکستان کی تعریف کریں؟**

جواب: اسلامی نظریہ حیات نظریہ پاکستان کی بنیاد ہے۔ نظریہ پاکستان سے مراد برصغیر جنوبی ایشیا کے تاریخی حوالے سے مسلمانوں کا یہ شعور تھا کہ وہ اسلامی نظریہ حیات کی بنیاد پر دوسری اقوام سے مختلف ہیں

**6 ) عقیدہ رسالت کی تعریف کریں؟**

جواب: عقیدہ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا دائرہ اسلام میں آنے کے لئے لازم ہے۔ کہ رسالت کو دل و جان سے تسلیم کیا جائے۔ اور کسی اعتبار سے بھی اس میں شک و شبہ نہ کیا جائے۔

**7) نظریہ پاکستان کے عناصر میں عقائد سے کیا مراد ہے؟**

جواب: عقائد میں توحید، رسالت، آخرت، ملائکہ اورالہامی کتابوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔ عقائد کے مجموعے کو ایمان کہتے ہیں۔

**8) ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کرنے کا مقصد کیا تھا؟**

جواب: انگریزوں نے ایسٹ انڈیا کمپنی 1600 میں قائم کی۔ کمپنی ہندوستان میں ایسی معاشی پالیسیاں بناتی تھی جس کا زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ خود انگریزوں کو ہوتا تھا۔

**9) ''اب یا پھر کبھی نہیں'' ''Now OR Never'' کے عنوان سے شہرہ آفاق کتابچہ کب اور کس نے جاری کیا؟**

جواب: 28 جنوری 1933 کو چودھری رحمت علی نے جاری کیا۔

**10) قائداعظم نے اقلیتوں کے بارے میں کیا فرمایا؟**

جواب: قائداعظم نے دوٹوک الفاظ میں فرمایا تھا کہ پاکستان ایک مذہبی نہیں بلکہ اسلامی فلاحی ریاست ہوگی۔ یہاں غیر مسلموں کو مسلمانوں کے برابر درجہ ملے گا۔ وہ آزاد اور خوشگوار فضا میں سانس لے سکیں گے اور انھیں برابر حقوق حاصل ہوں گے۔ رواداری اور انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

## یونٹ 2) کے مختصر جوابات دیں۔

**1) برصغیر جنوبی ایشیاء میں مسلمانوں کی آمد کب ہوئی؟**

جواب: برصغیر جنوبی ایشیاء میں مسلمانوں کی آمد 712ء میں محمد بن قاسم کی فتح سندھ سے شروع ہوئی۔

**2) میثاق لکھنو سے مسلمانوں کو کیا فوائد حاصل ہوئے؟**

جواب: میثاق لکھنو کی بدولت قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ کو ''ہندو مسلم اتحاد کا سفیر'' قرار دیا گیا۔

**3)تحریک علی گڑھ کا بنیادی مقصد تحریر کریں؟**

جواب: (1) حکومت اور مسلمانوں کے درمیان اعتماد بحال کرنا (2) مسلمانانِ برصغیر کو جدید علوم اور انگریزی زبان سکھینے زبان سکھینے کی طرف راغب کرنا (3) مسلمانانِ برصغیر کو آگاہ کرنا کہ پہلے تعلیم حاصل کریں اور پھر سیاست میں حصہ لیں۔

**4)تحریک ہجرت کا کیا نتیجہ نکلا؟**

جواب: جب ہزاروں مسلمان اپنی جائیدادیں بیچ کر افغانستان ہجرت کر گئے۔افغانستان نے ان کو اپنے ملک میں داخلے کی اجازت نہ دی اور انھیں مجبور کر دیا کہ وہ اپنے ملک واپس چلے جائیں۔جب یہ لٹے پٹے مسلمان واپس آئے تو بربادی کے سوا ان کے لئے کچھ نہ تھا۔

**5)مسلم لیگ کے قیام کے پس منظر میں کیا محرکات شامل تھے؟**

جواب: تقسیم بنگال کا ردعمل، انگریزوں کا مسلمانوں کے ساتھ عمومی رویہ، مسلمانوں کا احساسِ محرومی اور مسلمانوں کو حکومت کی طرف سے نظر انداز کرنا ایسے محرکات تھے جو مسلمانوں کو متحرک کرنے کا باعث بنے اور انھوں نے سیاسی جماعت بنانے کا فیصلہ کیا۔

**6)قرارداد لاہور کب اور کس نے پیش کی؟**

جواب: قراردادِ لاہور 23 مارچ 1940 کو قائداعظم کی صدارت میں مولوی اے۔کے فضل الحق نے پیش کی۔

**7)تحریک ہجرت کا کیا سبب تھا؟**

جواب: 1920ء میں چند علمائے کرام نے فتویٰ دیا کہ برصغیر دارالحرب ہے اور مسلمانوں کا انگریزوں کی عملداری میں رہنا جائز نہیں۔انھیں دارالسلام میں ہجرت کر جانی چاہیے۔چنانچہ ہزاروں مسلمان خاندان اپنی جائیدادیں بیچ کر افغانستان ہجرت کر گئے۔

**8) لیاقت علی خاں کو کب اور کس نے شہید کیا؟**

جواب:16 اکتوبر 1951 کو راولپنڈی کے کمپنی باغ میں آپ کو اس وقت گولی ماردی گئی جب آپ ابھی آپ خطاب کے لئے کھڑے ہی ہوئے تھے۔

**9) ریڈکلف ایوارڈ کا اہم ترین فیصلہ کیا تھا؟**

جواب: ایک انگریز قانون دان مسٹر ریڈکلف کو دونوں کمیشنوں کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔اختلافات کی صورت میں اسے ثالثی فیصلہ کرنے کا بھی اختیار دیا گیا۔اس کمیشن نے جو فیصلہ کیا اسے ریڈکلف ایوارڈ کہتے ہیں۔ ریڈکلف ایوارڈ میں پاکستان سے ملے ہوئے مسلم اکثریتی علاقے بھارت کے حوالے کر دیے گئے۔ گورداسپور کا مسلم علاقہ بھارت کو دے کر کشمیر تک اس کی رسائی کو ممکن بنادیا۔اس طرح مسئلہ کشمیر پیدا ہوا، جو آج تک حل طلب ہے۔

**10) 1956 کا آئین کب منسوخ ہوا؟**

جواب: یہ آئین 2 سال اور سات ماہ تک نافذ رہا پھر اکتوبر 1958 کو پاکستان کے آدمی کے کمانڈر انچیف جنرل محمد ایوب خان نے ملک کی جمہوری حکومت کو برطرف کر کے فوجی حکومت قائم کردی اور تمام اختیارات خود سنبھال لیے۔ جنرل محمد ایوب خان نے 1956ء کا آئین منسوخ کر دیا۔

**11) قیام پاکستان کے بعد مسلمانوں کو جو مشکلات پیش آئیں ان میں سے صرف تین کے نام لکھیں؟**

جواب:(1) انتظامی مشکلات (2) معاشی مشکلات (3) سیاسی مشکلات

**12) قراردادِ مقاصد کے حوالے سے حاکمیت اعلیٰ کس کے پاس ہے؟**

جواب: قرارداد مقاصد کے حوالے سے حاکمیت اعلیٰ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور سارا اقتدار اسی کو حاصل ہے اور یہ اقتدار مسلمانوں کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہے۔

**13) 1956 کے آئین کی تین خصوصیات تحریر کریں؟**

جواب:(1) پاکستان کو اسلامی جمہوریہ قرار دیا گیا (2) ملک میں وفاقی پارلیمانی نظام حکومت قائم کیا گیا

(3)1956ء کے آئین کو تحریری شکل میں تیار کیا گیا تھا۔

**14)پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کا کیا مقصد تھا؟**

جواب: پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کا مقصد صنعتوں کی ترقی کے لئے طویل اور قلیل مدت کے لئے قرضے دینا تھا۔

**15)بنیادی جمہورتیوں کے نظام کے درجات کو بیان کریں؟**

جواب:(1) یونین کونسل، ٹاؤن کمیٹی(2) تھانہ کونسل، تحصیل کونسل(3) ضلع کونسل(4) ڈویژنل کونسل

## یونٹ 3)کے مختصر جوابات دیں۔

**1)یوم تکبیر سے کیا مراد ہے؟**

جواب:28 مئی 1998ء کو پاکستان نے صوبہ بلوچستان کے پہاڑی علاقے چاغی کے مقام پر ایٹمی دھماکے کیے، اس طرح پاکستان ایٹمی مما لک کی فہرست میں شامل ہو گیا۔ پاکستان عالمِ اسلام کا پہلا ایٹمی ملک ہے۔ان ایٹمی دھماکوں کی یاد میں ہر سال 28 مئی کو''یوم تکبیر'' منایا جاتا ہے۔

**2)اٹھارھویں آئینی ترامیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: اٹھارھویں آئینی ترمیم 2010ء میں منظور ہوئی، جس کے ذریعے سے صوبہ سرحد کا نام بدل کر خیبر پختونخوا رکھ دیا گیا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان کنکرنٹ لسٹ کو ختم کر دیا گیا۔

**3)موٹروے کی کیا اہمیت ہے؟**

جواب: لاہور، اسلام آباد موٹروے (M-2) کی تعمیر نمایاں اقدامات میں سے ایک ہے۔ یہ منصوبہ اپنے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور بڑے شہروں کے درمیان بہتر رابطے کو فروغ دینے کے پاکستان کے

عزائم کی علامت ہے۔اس نے مستقبل کے موٹر وے منصوبوں کی بنیاد بھی فراہم کی، جس کا مقصد تجارت، سیاحت اور تجارت کو فروغ دینا ہے۔

**4) ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں صنعتی اصلاحات کا کیا مقصد تھا؟**

جواب: صنعتی اصلاحات کا مقصد مزدوروں کے حالات کار کو بہتر بنانا اور بہتر صنعتی ماحول پیدا کرنا تھا۔

**5) دوایوانی مقنّنہ سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دستور کے تحت ملک میں دوایوانی مقنّنہ قائم کی گئی۔ایوانِ بالا کا نام سینیٹ جب کہ ایوانِ زیریں کا نام قومی اسمبلی رکھا گیا۔صوبوں میں صوبائی اسمبلیاں قائم کی گئیں۔

**6) دولت مشترکہ تنظیم سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دولت مشترکہ ان ممالک کی تنظیم کا نام ہے جن پر تاجِ برطانیہ کی حکومت رہی۔یہ تنظیم 1926ء میں قائم ہوئی۔پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش سمیت کئی ممالک اس کے رکن ہیں۔

**7) میاں محمد شہباز شریف کی کوئی سی دو اصلاحات تحریر کریں؟**

جواب: جیسا کہ لوگوں کو خدمت کارڈ جاری کیے گئے، زرعی شعبے میں کسان پیکج کے ذریعے سے اربوں روپے قرض دیے گئے۔

**8) بے نظیر بھٹو کی معاشی اصلاحات کیا تھیں؟**

جواب: بے نظیر بھٹو کی حکومت نے پلیسمنٹ بیورو کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا، جس سے ہزاروں لوگوں کو ملازمتیں ملیں۔

**9) چودھویں آئینی ترمیم 1997ء کی کیا اہمیت ہے؟**

جواب: میاں محمد نواز شریف کی حکومت کی طرف سے متعارف کرائی گئی 14ویں ترمیم نے سیاسی جماعتوں میں انحراف کی حوصلہ شکنی کر کے سیاسی استحکام پیدا کیا۔اس سے زیادہ ہم آہنگ سیاسی ماحول

پیدا کرنے میں مدد ملی۔اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ منتخب نمائندے اپنی جماعتوں اور پالیسیوں کے ساتھ وفادار رہیں۔

**10) آٹھویں آئینی ترمیم 1985ء کی وضاحت کیجیے؟**

جواب: آٹھویں آئینی ترمیم کے تحت آئندہ سے صدرِ مملکت کا انتخاب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں اور چاروں صوبائی اسمبلیوں پر مشتمل انتخابی ادارہ کرے گا۔ترمیم کے بعد صدرِ مملکت کو غیر معمولی اختیارات حاصل ہو گئے اور وزیرِ اعظم کی حیثیت ثانوی ہو گئی۔سینیٹ کے اراکین کی مدت چھے سال مقرر کی گئی۔

**11) مطالعہ پاکستان کو گریجوایشن تک کس نے لازمی قرار دیا؟**

جواب: اسلامیات اور مطالعہ پاکستان کے مضامین کو گرایشن تک جنرل ضیاءالحق نے لازمی قرار دیا گیا۔

## یونٹ 4) کے مختصر جوابات دیں۔

**1) خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟**

جواب: خارجہ پالیسی سے مراد کسی ملک کی دوسرے مما لک کے ساتھ تعلقات کی حکمتِ عملی ہے۔

**2) گوادر کی بندرگاہ کی اہمیت کو تین سطروں میں تحریر کریں؟**

جواب: چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبے کی بدولت گوادر کی بندرگاہ کو ترقی دے کر فعال معاشی سرگرمیوں کا محور بنایا جا سکتا ہے،جس سے یورپ، امریکا اور دیگر کئی ریاستوں کی تجارتی آمدورفت گوادر کی بندرگاہ کے ذریعے سے ممکن ہو جائے گی۔اس طرح پاکستان معاشی سرگرمیوں کا مرکز بن جائے گا۔

**3) وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام تحریر کریں؟**

جواب: وسط ایشیا کے مسلم مما لک قازقستان، کرغزستان، تاجکستان، ترکمانستان، اور ازبکستان وغیرہ وجود میں آئے۔

4)مسئلہ فلسطین سے کیا مراد ہے؟

جواب: پاکستان نے مسئلہ فلسطین پر اقوام متحدہ میں خصوصی کردار ادا کیا ہے۔فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم کی جانب اقوام عالم کی توجہ دلائی ہے،تا کہ مسئلہ فلسطین حل کر کے فلسطینی مسلمانوں کے لئے آزاد وخودمختار ریاست قائم کی جائے۔

5)پاکستان کے برّی اور بحری راستے کیوں اہم ہیں؟

جواب: پاکستان افغانستان کوتجارت کے لئے برّی اور بحری راہ داری کی سہولت مہیا کرتا ہے۔کراچی ایک بین الاقوامی بندرگاہ اور ہوائی اڈہ ہے۔یہ ہوائی اور بحری راستوں سے یورپ کوایشیا سے ملاتا ہے۔

6)سارک ممالک کے نام لکھیں؟

جواب:اس تنظیم میں آٹھ ممالک، پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش،سری لنکا، نیپال، مالدیپ، بھوٹان اور افغانستان شامل ہیں۔

7)RCD سے کیا مراد ہے؟

جواب: پاکستان ایران اور ترکیہ کے درمیان ''علاقائی تعاون برائے ترقّی''(آر سی ڈی) کا معاہدہ ان تینوں ریاستوں کوایک دوسرے کے قریب لانے کا سبب بنا۔

8)چین پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبے پر چار سطریں تحریر کریں؟

جواب: چین، پاکستان اقتصادی راہ داری منصوبہ بہت بڑا تجارتی منصوبہ ہے،جس کا مقصد جنوب مغربی پاکستان سے چین کے علاقے سنکیانگ تک گوادر بندرگاہ، ریلوے اور موٹروے کے ذریعے سے تیل اور گیس کی کم وقت میں ترسیل ہے۔اقتصادی راہ داری دونوں ممالک کے تعلقات میں مرکزی اہمیت کی حامل تصور کی جاتی ہے۔

**9) ویٹو سے کیا مراد ہے؟**

جواب: دنیا کی پانچ بڑی طاقتیں امریکا، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اقوام متحدہ میں پیش کردہ کسی قرارداد یا بل کو مسترد کر سکتے ہیں، اس کو ویٹو کہا جاتا ہے۔

**10) چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کے پاکستان کے لئے تین فوائد لکھیں؟**

جواب: ملک میں کاروباری سرگرمیاں تیز ہوں گی، معیشت مستحکم ہوگی، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

**11) پاکستان وسطی ایشیائی ممالک کے لئے کیسے فائدہ مند ہے؟**

جواب: پاکستان نے ان ممالک کے ساتھ تعلقات قائم کر کے اپنے خارجہ تعلقات کو فروغ دیا۔ ان تعلقات کو اقتصادی تعاون کی تنظیم کے ذریعے سے مزید فروغ حاصل ہوا۔ پاکستان کے ان ممالک کے ساتھ تعلقات نہ صرف مذہبی بنیادوں پر ہیں، بلکہ موجودہ دور میں مفادات کا بھی تقاضا ہے کہ یہ ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں۔

**12) چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کو کن مشکلات کا سامنا ہے؟ چار سطریں تحریر کریں۔**

جواب: یہ بہت بڑا تجارتی منصوبہ ہے جس کا مقصد جنوب مغربی پاکستان سے چین کے شمال مغربی علاقے سنگیانگ تک گوادر بندرگاہ، ریلوے موٹروے کے ذریعے سے تیل اور گیس کی کم وقت میں ترسیل ہے۔ پاکستان کی معیشت پر اس کے مثبت اثرات کی توقع کی جارہی ہے۔ ملک میں کاروباری سرگرمیاں تیز ہو کر روزگاہ کے مواقع پیدا ہوں گے۔

## یونٹ 5) کے مختصر جوابات دیں۔

**1) محل وقوع کی تعریف کریں؟**

جواب: پاکستان جنوبی ایشیا کا ایک اہم ملک ہے۔ پاکستان اپنے محل وقوع کے اعتبار سے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

**2)پاکستان کوکن ماحولیاتی مسائل کا سامنا ہے؟**

جواب:(1)آلودگی (2)جنگلات کا کٹاؤ

(3)زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا (4)سیم وتھور

**3)پاکستان کے چار قدرتی خطوں کے نام لکھیں؟**

جواب:(1)میدانی خطہ (2)صحرائی خطہ (3)خشک اور نیم خشک پہاڑ خطہ (4)ساحلی خطہ

**4)زمینی آلودگی سے کیا مراد ہے؟**

جواب: زمینی آلودگی سے مراد سطح زمین پر گھریلو کوڑا کرکٹ اور فیکٹریوں اور ہسپتال کے زہریلے مواد کا پھیلاؤ ہے۔

**5)سیم وتھور کا مفہوم لکھیں؟**

جواب:سیم وتھور ایک ناقص حالت ارض ہے۔سیم وتھور والی زمین میں سوڈیم اور حل پذیر نمکیات دونوں کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ یہ حالت کلر کہلاتی ہے۔البتہ سیم وتھور کیلئے سفیدہ اور پاپلر کے درخت لگائے جارہے ہیں جو اِن بیماریوں کا علاج ہیں۔

**6)ساحلی خطہ کی نباتات بیان کریں؟**

جواب:اس خطے میں کم جنگلات پائے جاتے ہیں۔بارش کی مقدار کم ہونے کی وجہ سے دنیا کے باقی ساحلی وعلاقوں کے مقابلے میں یہاں ناریل کے درخت عام نہیں ہیں جب کہ ساحلی جنگلات ساحلی علاقوں میں بکثرت ملتے ہیں۔

**7)جنگلات کے دوفوائد لکھیں؟**

جواب:(1)جنگلات سے حاصل ہونے والی جڑی، بوٹیاں ادویات بنانے کے کام آتی ہیں۔

(2)جنگلات جنگلی حیات کے لئے بہت ضروری ہیں۔

**8) پاکستان کی اہم جنگلی حیات کونسی ہیں؟**

جواب: کالا ہرن، سرخ لومڑی، چیتا، مارخور، تیتر، برفانی ریچھ وغیرہ اہم جنگلی حیات ہیں۔

**9) پاکستان میں پائے جانے والے تین گلیشیئر ز کے نام لکھیں؟**

جواب: (1) سیاچن گلیشیئر (2) بالتورو گلیشیئر (3) بتورا گلیشیئر

**10) دریائے سندھ کے دو مغربی معاون دریاؤں کے نام لکھیں؟**

جواب: دریائے کرم، دریائے ٹوچی، دریائے گومل بھی مغرب سے بہتے ہوئے دریائے سندھ میں گرتے ہیں۔

**11) پانی کو آلودگی سے بچاؤ کے دو طریقے لکھیں؟**

جواب: پانی کی آلودگی سے بچنے کے لئے فیکٹریوں سے خارج ہونے والے پانی کو فلٹریشن پلانٹ لگا کر صاف کرنا چاہیے اور پھر اسے دریاؤں یا نہروں میں ڈالنا چاہیے۔

**12) غیر دوامی نہروں سے کیا مراد ہے؟**

جواب: برسات کے موسم میں جب دریاؤں میں پانی کافی مقدار میں ہوتا ہے تو یہ نہریں چلتی ہے اور خریف کی فصل کے لئے پانی فراہم کرتی ہیں۔

**13) صحرازدگی (Desertification) کی تعریف کریں؟**

جواب: انسانی سرگرمیوں، جانوروں کو چرنا، جنگلات سے درختوں کا کٹاؤ۔ اور اپنی ضروریات کے لئے زمین میں بار بار ایک فصل اُگانا، یہ سب عوامل مل کر زمین بنجر بناتے ہیں۔ اس سے زمین کی زرخیزی قائم نہیں رہتی اور وہ ناقابل کاشت ہوجاتی ہے۔ اس سارے عمل کو جس میں ہم زمین کو ناکارہ بنانے ہیں زمین کا صحرا میں تبدیل ہونا صحرازدگی کہلاتی ہے۔

**14) کوہستان نمک کہاں واقع ہے؟**

جواب: کوہستانِ نمک اور کالا چٹا پہاڑ پر جنگلات کثرت سے ملتے ہیں۔

**15) پاکستان میں نہروں کے اقسام کے نام لکھیں؟**

جواب: (1) طغیانی یا سیلابی نہریں (2) دوامی نہریں (3) غیر دوامی نہریں۔

**16) کون سی سطح مرتفع کو دنیا کی چھت کہا جاتا ہے؟**

جواب: پامیر دنیا کی سب سے بلند سطح مرتفع ہے جیسے دنیا کی چھت کہا جاتا ہے۔

**17) زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے کس قسم کی موسمیاتی تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں؟**

جواب: زمینی درجہ حرارت میں اضافے کی وجہ سے موسم زیادہ تر گرم صورتِ حال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ سال میں آٹھ مہینے گرمی دو مہینے سردی اور دو مہینے درمیانہ موسم رہتا ہے۔ اس کے علاوہ سموگ بھی زمینی درجہ حرارت کو متاثر کر رہی ہے۔

**18) جنگلات کے کٹاؤ کے دو نقصانات لکھیں؟**

جواب: جنگلات کی کٹائی سے جنگلی حیات کو بھی نقصان ہو رہا ہے اور ان کو قدرتی قیام گاہوں کے خاتمے سے ان کی کئی اقسام ختم ہوتی جا رہی ہیں۔

**19) دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو کیا کہتے ہیں؟**

جواب: دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو دوآبہ کہتے ہیں۔

**20) بلوچستان کے کون سے دریا بحیرۂ عرب میں گرتے ہیں؟**

جواب: بلوچستان کے دریائے دشت، ہنگول، پورالی اور جب شمال سے جنوب کی طرف بہتے ہوئے بحیرۂ عرب میں جا گرتے ہیں۔

## یونٹ 6) کے مختصر جوابات دیں۔

**1) پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں؟**

جواب: (1) کم شرح خواندگی (2) ناقص امتحانی نظام

(3) محدود تعلیمی وسائل (4) اساتذہ کی کمی (5) تدریسی ساز وسامان کی کمی۔

**2) صنفی امتیاز کی تعریف کریں؟**

جواب: انسانی معاشرے میں عورت اور مرد میں جنس کی بنیاد پر تفریق کرنا صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔

**3) ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟**

جواب: ہم نصابی سرگرمیاں جیسے کھیلیں، مباحثے، مشاعرے، تقاریر، مذاکرے اور مطالعاتی دورے وغیرہ طلبہ کی اخلاقی تربیت اور ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتے ثابت ہیں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں ایسی ہم نصابی سرگرمیوں کے لئے مناسب سہولتیں موجود نہ ہیں، جس کی وجہ سے کئی باصلاحیت طلبہ زندگی کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔

**4) کوئی سے تین پنجابی شعراء کے نام لکھیں؟**

جواب: (1) انور مسعود (2) فقیر محمد فقیر (3) بابا نجمی اور صوفی شاعر (4) بابا بلھے شاہ

(5) شاہ حسین (6) سلطان باہو۔

**5) آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جاسکتا ہے؟**

جواب: پاکستان کا ایک اور گھمبیر معاشرتی مسئلہ آبادی کی شرح میں تیزی سے ہونے والا اضافہ ہے۔ دیہی علاقوں سے شہروں کی جانب ہجرت ایک مسئلہ ہے۔ آبادی کے بڑھنے سے خوراک، صحت، تعلیم، بے روزگاری، ٹریفک اور ماحولیاتی آلودگی کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومت نے بڑھتی ہوئی آبادی پر قابو پانے کے لئے متعدد اقدامات کیے ہیں، لیکن عوام کے تعاون کے بغیر اس مسئلے پر قابو پانا حکومت کے لئے بہت مشکل ہے۔

**6) آبادیات یا بشری شماریات سے کیا مراد ہے؟**

جواب: آبادی کے مطالعے کے لئے آبادیات یا بشری شماریات کا ایک مضمون متعارف کرایا گیا ہے۔ جس میں انسانی آبادی کا شماریاتی تجزیہ کیا جاتا ہے۔اس میں شرح پیدائش،شرح اموات، رہائش، ہجرت، بیماریاں، آبادی کی تقسیم اور ایسی دیگر چیزوں کا شماریاتی تجزیہ شامل ہے۔

**7)2023 کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں کتنی آبادی شہروں اور کتنی دیہی علاقوں میں رہتی ہے؟**

جواب: پاکستان کے شہری علاقوں میں قریبا93.7ملین افراد آباد ہیں جبکہ باقی 147.7 ملین دیہی علاقوں میں آباد ہیں۔

**8) شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟**

جواب: شہری علاقوں سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا نظم ونسق میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، ٹاؤن کمیٹی یا کنٹونمنٹ بورڈ وغیرہ کے تحت چلتا ہے۔

**9) مشترکہ خاندانی نظام کی وضاحت کریں؟**

جواب: پاکستان میں بحیثیت مجموعی مشترکہ خاندانی نظام رائج ہے۔خاندان کا سربراہ مرد ہے، جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہے۔خاتونِ خانہ، گھر اور بچوں کی دیکھ بھال کرتی اور امورِ خانہ داری سنبھالتی ہے۔ بزرگوں کو گھر میں نہایت عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ان کی خدمت مذہبی اور اخلاقی فریضہ سمجھ کر کی جاتی ہے۔

**10) اقلیتی طبقوں کے دو مذہبی تہواروں کے نام لکھیں؟**

جواب: اقلیتی طبقوں میں ہندوں دیوالی اور ہولی جب کہ مسیحی کرسمس اور ایسٹر ہیں۔

**11) پاکستان کے چار سیاحتی مقامات کے نام تحریر کریں؟**

جواب: پاکستان کے سیاحتی مقامات میں وادی ہنزہ، دیوسائی کے میدان (بلتستان)، وادی کیلاش،

وادی سوات وغیرہ۔

**12) پاکستان میں غربت کے چار اسباب لکھیں؟**

جواب:**(1)** تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی **(2)** پیداوادی وسائل میں کم اضافہ **(3)** توانائی کا بحران **(4)** معاشی ترقی کی سست کاری۔

## یونٹ 7) کے مختصر جوابات دیں۔

**1) معاشی ترقی کی تعریف کریں؟**

جواب: جس کے نتیجے میں قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہوا سے معاشی ترقی کہتے ہیں۔

**2) پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ کیا ہے؟**

جواب: پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ ٹیکسوں کی بہتات اور غیر یقینی سیاسی صورت حال ہے۔

**3) افرادی قوت سے کیا مراد ہے؟ اس میں کون سے لوگ شامل ہیں؟**

جواب: افرادی قوت یا ورک فورس سے مراد 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔

**4) دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟**

جواب: پاکستان کی دفاعی صنعت بڑی پرانی اور اہم ہے یہ ملکی ضرورت کے مطابق اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر دفاعی سامان تیار کرتی ہے۔اس میں ہیوی مکینیکل کمپلیکس ٹیکسلا، پاکستان آرڈیننس فیکٹریز واہ کینٹ اور ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا وغیرہ شامل ہے۔

**5) پاکستان کی پانچ رابطہ نہروں کے نام لکھیں؟**

جواب:**(1)** رسول، قادر آباد **(2)** قادر آباد۔بلوکی **(3)** بلوکی، سلیمانکی **(4)** مرالہ، راوی لنک کینال

**(5)** چشمہ، جہلم لنک کینال

**6) قام قومی پیداوار (جی ڈی چی) سے کیا مراد ہے؟**

جواب: قام قومی پیداوار (جی ڈی پی) کسی معیشت میں کسی مخصوص عرصہ کے دوران میں پیدا کی جانے والی اشیاء خدمات کے (مارکیٹ قیمت پر) مجموعہ کو کہتے ہیں۔ مخصوص عرصہ سے مراد ایک سال ہوتا ہے۔

**7)** سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان میں کونسے ڈیم بنے؟

جواب: دریائے جہلم پر منگلا اور دریائے سندھ پر بیلا ڈیم کی تعمیر کی گئی۔

**8)** کرومائیٹ کے بڑے ذخائر پاکستان میں کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب: بلوچستان میں اس کے ذخائر مُسلم باغ، لسبیلہ اور چاغی وغیرہ کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں مالاکنڈ ااور مہمند ایجنسی وغیرہ میں بھی اس کے ذخائر موجود ہیں۔

**9)** خوردنی نمک کا استعمال بیان کریں؟

جواب: نمک انسانی ذائقے کا اہم عنصر ہے۔ جو خوراک کے علاوہ سوڈا ایش، کاسٹک سوڈا، سوڈیم بائی کار بونیٹ، ٹیکسٹائل مل اور چمڑے وغیرہ کی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

**10)** میرانی ڈیم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: میرانی ڈیم بلوچستان کے ضلع کیچ میں تربت سے 43 کلومیٹر دور مغرب کی طرف واقع ہے۔ یہ ڈیم دریائے دشت پر میرانی گورم کے مقام پر بنایا گیا ہے جو ہزاروں ایکڑ اراضی کو سیراب کرتا ہے۔

**11)** تجارتی خسارے سے کیا مراد ہے؟

جواب: اگر کسی ملک کی آبرآمدات کم اور درآمدات زیادہ ہوں تو وہ ملک تجارتی خسارے کی زد میں آجائے گا۔

**12)** زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے کیے گئے حکومتی اقدامات میں سے دو کی وضاحت کریں؟

جواب:(1) ناہموار کھیتوں کو ہموار بنانے کے لیے لیزر لینڈ لیونگ ٹیکنالوجی کا فروغ (2) کاشت کاروں کی جدید ٹیکنالوجی سے متعلق تربیت۔

**13) سیلابی نہروں کے فوائد لکھیں؟**

جواب: موسم گرما اور برسات میں جب دریاؤں میں پانی کی سطح بلند ہو جائے یا دریاؤں میں شدید طغیانی کے وقت پانی خطرے کے نشان تک پہنچ جائے تو بیراج کو نقصان سے بچانے کیلئے ان نہروں میں پانی چھوڑ دیا جاتا ہے۔

**14) کاریز کا استعمال بیان کریں؟**

جواب: پاکستان میں یہ نظام صوبہ بلوچستان میں ہے۔ جہاں علاقے کی مخصوص جغرافیائی صورتِ حال اور نہری پانی کی شدید کمی کی وجہ سے پانی کو زیر زمین نالوں کے ذریعے سے کھیتوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ ان نالوں کو کاریز کہتے ہیں۔

**15) وارسک ڈیم کہاں اور کس دریا پر بنایا گیا ہے؟**

جواب: یہ ڈیم پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا میں پشاور کے نزدیک دریائے کابل پر بنایا گیا ہے۔

**16) گھریلو صنعت کی تعریف کریں؟**

جواب: گھریلو صنعت سے مراد ایسی صنعت ہے۔ جو گھر ہی پر افرادِ خانہ بہت کم سرمایہ لگا کر باہمی تعاون واشتراک سے چلا رہے ہوں اور اس میں صرف انسانی محنت کا عمل دخل ہو۔

**17) پاکستان میں تیل اور گیس کی تلاش کیلئے کون سا ادارہ بنایا گیا ہے؟**

جواب: پاکستان میں تیل اور گیس کی تلاش کرنے کیلئے 1961ء میں ''آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ لمیٹڈ'' کا ادارہ قائم ہوا۔

## یونٹ 8) کے مختصر جوابات دیں۔

**1) قرآن کریم کی ایک آیت کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں؟**

جواب: اللہ تعالٰی نے ارشاد فرمایا: ''مردوں کے لئے اُس میں سے حصہ ہے جو انھوں نے کمایا اور عورتوں کے لئے اُس میں سے حصہ جو انھوں نے کمایا اور اللہ سے اُس کا فضل مانگتے رہو بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے''۔

**2) نبی کریم (ﷺ) کی ایک حدیث مبارکہ کی روشنی میں خواتین کے حقوق بیان کریں؟**

جواب: حضورِ دو عالم نے فرمایا: ''تم میں سے کسی کے پاس تین لڑکیاں یا تین بہنیں ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے تو جنت میں ضرور داخل ہوگا''۔

**3) تحریک پاکستان میں شامل تین خواتین کے نام لکھیں؟**

جواب: تحریک پاکستان میں شامل تین خواتین کے نام یہ ہیں: **(1)** مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناح **(2)** بیگم مولانا محمد علی جوہر **(3)** بیگم سلمٰی تصدق حُسین

**4) سول سیکرٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا کس نے ہرایا؟**

جواب: سول سیکرٹریٹ پر مسلم لیگ کا جھنڈا اہرانے والی فاطمہ صغری تحریک پاکستان کی فعال رکن تھیں اس وقت ان کی عمر فقط 14 برس تھی۔

**5) لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کا تعلق پاک فوج کی کس کور سے تھا؟**

جواب: محترمہ نگار جوہر خان **(1965)** افواجِ پاکستان میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر فائز ہونے والی پہلی خاتون ہیں۔ ان کا تعلق پاکستان آرمی میڈیکل کور سے تھا۔

**6) پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلی کون تھا؟**

جواب: محترمہ مریم نواز شریف **(1973)** پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلی ہیں۔

**7) ارفع کریم کس شعبے میں مہارت رکھتی تھیں؟**

جواب: پاکستان کی بیٹی ارفع کریم (1995-2012) نے صرف 9 سال کی عمر میں کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں اعلی قابلیت کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔

**8) خواتین پر تشدد سے کیا مراد ہے؟**

جواب: خواتین پر تشدد، صنفی تشدد کی ایک قسم ہے، جس کی بنا پر عورت کے جسمانی، دماغی اور بچے پیدا کرنے کی صلاحیتوں پر بُرا اثر پڑتا ہے۔

**9) پنجاب میں لڑکے اور لڑکی کی شادی کی قانونی عمر کیا ہے؟**

جواب: پنجاب میں شادی کی قانونی عمر لڑکیوں کے لئے 16 اور لڑکوں کے لئے 18 سال مقرر ہے۔

**10) محترمہ کلثوم نواز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

جواب: محترمہ کلثوم نواز (1948-2018) ایک بہادر خاتون تھیں جنھوں نے آمریت کے دور میں 1999ء سے 2008 کے دوران میں جمہوریت کی بحالی کے لئے بھرپور کردار ادا کیا۔

# جامعتہ المدینہ بوائز پنڈی بھٹیاں